چھٹی یوتھ پارلیمنٹ آف پاکستان 2014ء

بدھ 21 جنوری 2015ء کو صبح 9 بجے یوتھ پارلیمنٹ آف پاکستان کے ہونے والے اجلاس کے لئے آرڈرز آف دی ڈے

1۔ تلاوت قرآن پاک

توجہ دلاؤ نوٹس

سید تصور مہدی کاظمی	(وائی پی 10 گلگت بلتستان 02)
ارشاد احمد	(وائی پی 53۔ سندھ 06)
محمد ابراہیم خان	(وائی پی 17 کے پی 05)
شازیہ بتول ہزارہ	(وائی پی 06 بلوچستان 04) اور
رمیض علی ملک	(وائی پی/58 سندھ 11)

عزت مآب وزیراعظم اور ان کی کابینہ کی توجہ ملک میں پٹرول کی قلت کے اس مسئلہ کی طرف مبذول کروائیں گے کہ ایندھن کی قلت پیدا شدہ بدترین صورتحال سے عوام و نجات دلانے کے لئے حکومت کو فوری توجہ دینی چاہیئے۔

قراردادیں

3۔ مزگھن محبوب کرمانی۔	(وائی پی 54 سندھ 07)
دریا خان پہوڑ	(وائی پی 51 سندھ 04)
صہیب سعید	(وائی پی 02 آزاد وجموں وکشمیر 02)

درج ذیل قرارداد پیش کریں گے

ایوان کی رائے ہے کہ حکومت کو انسداد دہشت گردی کے لئے درج ذیل مسائل کا انتظامی حل نکالنا چاہیئے۔

مدارس کا نظام

چاروں صوبوں کی سرحدوں پر سیکورٹی

اسلحہ اور آتشی ہتھیارروں کی مانیٹرنگ کی کمیٹی

غربت میں کمی اور مزید سکولوں کی تعمیر

میڈیا سیلز اور فلٹریشن پر کنٹرول

4۔ **محترمہ راہی فاروق** **(وائی پی 11۔آئی سی ٹی 01)** اور

محمد فرقان خان **(وائی پی 55 سندھ 08)**

درج ذیل قرارداد پیش کریں گے۔

اس ایوان کا خیال ہے کہ اربوں روپے کے اس ضیاع کے خلاف سخت کارروائی کی جانی چاہیئے۔(جبکہ تعلیم کے لئے پہلے ہی محدود سا بجٹ مختص ہوتا ہے) جو کہ پاکستان میں 1205 بھوت سکولوں (کاغذی سکولوں) کی وجہ سے ہوا۔ایوان کی تجویز ہے کہ تعلیم کے نظام میں بہتری کا ماڈل لانے کے لئے "ٹیچ فار امریکہ'' کی طرز پر نجی و سرکاری شعبہ کی شراکت سے تعلیم دی جائے اور غیر معیاری اور گھوسٹ سکولوں کا پتہ چلایا جائے۔

5۔ **فیصل صالح یعقوب** **(وائی پی 33 پنجاب 11)**

علی رضا **(وائی پی 23 پنجاب 04)** اور

محمد ابراہیم **(وائی پی 17۔کے پی 05)** درج ذیل قرارداد پیش کریں گے۔

ایوان کی رائے ہے کہ حکومت کو پاکستان میں سکول نہ جانے والے 55 لاکھ بچوں کو تعلیم کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے آئین کے آرٹیکل 25 اے پر اس کی اصل روح کے مطابق حقیقی معنوں میں عمل درآمد کرنا چاہیئے۔سکولوں میں ان بچوں کے اندراج کی مہم گھوسٹ سکولوں کی نشاندہی اور سکول اساتذہ کی میرٹ پر تعیناتی اور زیادہ سے زیادہ بچوں کو تعلیم دینے والے اساتذہ کی میرٹ پر حوصلہ افزائی اور تعلیمی کارکردگی اور شرح خواندگی میں اضافہ کو یقینی بنانے کے

لئے اقدامات کیئے جائیں۔

6۔ **مشعل مشتاق (وائی پی 36 پنجاب 17)** درج ذیل قرارداد پیش کریں گی۔

ایوان کا خیال ہے کہ بچوں کی جبری مشقت طاعون ہے جو کہ چھوٹے ذہنوں کو خراب کر دیتی ہے اور اس کے نقصانات اور اس کے بچے کی صحت پر اثرات تعلیمی نقصان اور بچوں کو گلیوں میں بھکاری بنانے کی اجتماعی سطح کی غیر قانونی سرگرمیوں کو مدنظر رکھا جائے اور حکومت کو بچوں کی فلاح و بہبود کے لئے خستہ حال اور پسماندہ مفلس خاندانوں کو امداد دینی چاہیئے اور بچوں کی جبری مشقت کے خلاف قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔

7۔ **سنیل پروانی (وائی پی 59 سندھ 12)**
علی اظہار باجوہ (وائی پی 22۔پنجاب 03)
صفی حسام (وائی پی 41 پنجاب 22)
سید قصور مہدی کاظمی (وائی پی 10 گلگت بلتستان 02) درج ذیل قرارداد پیش کریں گے۔

ایوان فرانسیسی رسالہ چارلی ہیبڈو کی طرف سے پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے توہین آمیز خاکوں کی اشاعت کی شدید مذمت کرتا ہے ایوان کی رائے ہے کہ مقدس اور قابل احترام ہستیوں کے خاکے، بت یا ان کے مجسمے بنانا نا قابل قبول اور قابل گرفت جرائم ہیں۔ایوان واشگاف طور پر اس بات پر یقین رکھتا ہے کہ اظہار رائے کی آزادی کا مطلب کسی خاص کمیونٹی یا فرد کسی کے عقائد کے خلاف نفرت انگیز تقریر نہیں ہوتا۔اس بات پر بھی زور دیا جاتا ہے کہ حکومت کو اس مسئلہ کو تمام متعلقہ بین الاقوامی فورمز پر احتجاج کے لیے اٹھانے یا اقدامات کرنے پالیسی وضع کرنی چاہیے۔

8۔ **نوید الرحمٰن انور (وائی پی 18 کے پی 06)** درج ذیل قرارداد پیش کریں گے۔

اس ایوان کی رائے ہے کہ سکولوں میں بچوں کو ان کی تمام آبائی زبانیں پڑھائی جانی چاہیئیں۔تاکہ بچوں کو اپنی ثقافت اور ورثہ سے متعلق آگاہی ہو۔قومی زبانوں کی تعداد میں اضافہ کیا جائے اور نوجوان نسل میں حب الوطنی کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے ملک میں نصابی تحقیق بھی پڑھائی جائے۔

9۔ **ملک محمد دانش (وائی پی 29 پنجاب)** درج ذیل قرارداد پیش کریں گے

یہ ایوان پاکستان میں پولیو کی دباؤ پر قابو پانے میں ناکامی پر گہری تشویش کا اظہار کرتا ہے جنگجوئی، صحت عامہ کے لیے احتجاجی تدابیر بارے حکمت عملی پولیو کے قطرے پر بارے آگاہی کی مہوں میں ناکامی کی کئی وجوہات ہیں۔ جبکہ اس کے باعث پولیو کے کیسز میں بھی اضافہ ہوا ہے حکومت کو پاکستان کی مستقبل کی نسلوں کو پولیو سے بچانے کے لیے ان تمام وجوہات کا حل نکالنا چاہیے۔

ارکان کے نجی بل

10۔ سمعیہ مجتبیٰ (وائی پی 42 پنجاب 23) پرائیویٹ ممبرز بل بعنوان شہری اور سیاسی تعلیم کا ایکٹ 2014 پیش کریں گی۔